Rampur State Gazette.

EXTRAORDINARY.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۵ مطبوعہ روز یکشنبہ بتاریخ ۱۸ ماہ ذی الحجہ سنہ ۱۳۵۳ھ مطابق ۲۴ مارچ سنہ ۱۹۳۵ء {جلد ۴۷

غیر معمولی گزٹ

روبکار اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم

مورخہ ۲۳ مارچ سنہ ۱۹۳۵ء

کاغذات منسلکہ ملاحظہ ہوئے۔ حسب استدعائے صاحب چیف منسٹر بہادر درشرح موجودہ محصول آبپاشی نیشکر میں فصل ربیع سال حال سے دو سال کے لئے عارضی طور پر بحساب بیس فی صدی تخفیف منظور ہے

حکم ہوا کہ

روبکار ہٰذا مع کاغذات متعلقہ برائے کارروائی صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔

دستخط بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم

حسب منشائے حکم ہمایوں سررشتہ جات صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل ۲۴ مارچ سنہ ۱۹۳۵ء کے غیر معمولی گزٹ میں درج ہو۔ ۲۳ مارچ سنہ ۱۹۳۵ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

آرڈر ان اسٹیٹ کونسل رام پور

آرڈر ان اسٹیٹ کونسل واقعہ ۲۳ مارچ ۱۹۳۵ء

اسٹیٹ کونسل کے غیر معمولی جلسہ منعقدہ ۲۳ مارچ ۱۹۳۵ء میں روئداد کمیٹی تعین قیمت شرح فیکٹری مورخہ ۲۰ مارچ ۱۹۳۵ء پیش ہوکر طے پایا کہ:-

غیر معاہدہ شدہ گنے کا نرخ کم سے کم فی اسٹینڈرڈ من سات آنے اور معاہدہ شدہ گنے کا نرخ کم سے کم فی اسٹینڈرڈ من چھ آنے تین پائی تحت قانون فیکٹری رام پور ۱۹۳۴ء منظور کیا جاتا ہے۔

ان قیمتوں کا نفاذ ۲۵ مارچ ۱۹۳۵ء سے ہوگا۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ متعدد سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ آرڈر ہذا کی ایک نقل ۲۴ مارچ ۱۹۳۵ء کی صبح کو غیر معمولی گزٹ میں شائع کیجائے مطبع سے ایک ایک مطبوعہ کاپی جملہ تحصیلداران کے پاس اور ایک کاپی فیکٹری کو بھیجی جائے۔

دستخط صاحب [illegible] پریسیڈنٹ

دستخط صاحب سکریٹری